# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 24 April-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۴/اپریل ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ پارلیمانی انتخابات کے دوسرے مرحلے کی تشہیری مہم آج ختم ہوگی؛ 26اپریل کورائے دہی۔

☆ مہایوتی اور مہاوِکاس اگھاڑی کے سرکردہ قائدین کی جانب سے تشہیری مہم تیز۔

☆ چوتھے مرحلے کے انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا کل آخری دن؛ جالنہ سے مہایوتی کے امیدوار راؤ صاحب دانوے کا امیدواری پرچہ داخل۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ میں کل بجلی گرنے سے تین افراد کی موت۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

پارلیمنٹ کے عام انتخابات کے دوسرے مرحلے کی تشہیری مہم کا آج آخری دن ہے۔اس مرحلے میں 26 تاریخ کورائے دہی کی جائے گی۔ان میں ریاست کے ہنگولی، ناندیڑ، پربھنی، بلڈانہ، امراوتی، اکولہ، وردھا اور رایوت محل۔واشم پارلیمانی حلقے شامل ہیں۔ان تمام انتخابی حلقوں میں سبھی سیاسی جماعتوں کے اہم رہنما اور قائدین انتخابی تشہیری جلسے کررہے ہیں۔

بی جے پی رہنما اور مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے کل اکولہ میں عظیم اتحاد کے امیدوار انوپ دھوترے کے تشہیری جلسے سے خطاب کیا۔اس موقع پرانہوں نے وضاحت کی کہ ملک میں کوئی بھی حکومت درج فہرست ذاتوں اور قبائل سمیت دیگر پسماندہ طبقات کے ریزرویشن کو ختم نہیں کرسکے گا۔امت شاہ آج امراوتی میں عظیم اتحاد کی امیدوار نونیت رانا کیلئے بھی تشہیری جلسوں سے خطاب کریں گے۔

وزیر اعلیٰ اور شیوسینا کے سربراہ ایکناتھ شندے نے کل پربھنی ضلعے کے پاتھری میں عظیم اتحاد کے امیدوار مہادیو جانکر کیلئے تشہیری مہم چلائی۔اس دوران انھوں نے کہا کہ وہ بلالحاظِ مذہب وملت اور ذات پات کی تفریق کیے بغیر راستوں پراُتر کرترقیاتی کام کررہے ہیں۔بی جے پی رہنما اور مرکزی وزیر بھاگوت کراڑ نے بھی کل پربھنی شہر میں پیدل ریلی نکال کرمہادیو جانکر کے حق میں تشہیر کی۔

کانگریس پارٹی کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے کل ناندیڑ میں مہاوکاس اگھاڑی کے امیدوار وسنت راؤ چوان کی تشہیری مہم کے تحت ناڑیشور میں ایک جلسہ عام سے خطاب کیا' جبکہ شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے صدر ادھو ٹھاکرے نے کل پربھنی میں مہاوِکاس اگھاڑی کے امیدوار سنجے جادھو کے تشہیری جلسے سے خطاب کرتے ہوئے بی جے پی کو تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ بی جے پی کے پاس بولنے کیلئے کوئی موضوع نہیں ہے اس لیے وہ ہماری خاندانی سیاست پر اعتراض کررہی ہے۔

***** ***** *****

پارلیمانی انتخابات کے چوتھے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کی مہلت کل 25 تاریخ کوختم ہورہی ہے اور 26 تاریخ کو موصولہ امیدواری پرچوں کی جانچ ہوگی جبکہ 29 تاریخ تک امیدواری عریضے واپس لیے جاسکیں گی۔ چوتھے مرحلے میں اورنگ آباد، جالنہ[4]، بیڑ، نندوربار، جلگاؤں، راویر، ماول، پونے، شرور، احمدنگر اور شرڈی پارلیمانی حلقے شامل ہیں۔

***** ***** *****

جالنہ حلقۂ انتخاب سے عظیم اتحاد کے امیدوار راؤ صاحب دانوے نے کل اپنا امیدواری پرچہ داخل کیا۔ اس حلقے میں اب تک 10 امیدواروں نے 16 کاغذات نامزدگی جمع کرائے ہیں۔ گزشتہ روز 11 خواہشمندوں نے 24 امیدواری پرچے حاصل کیے جبکہ مجموعی طور پر اب تک 88 امیدواروں نے 210 کاغذات نامزدگی حاصل کیے ہیں۔

اورنگ آباد پارلیمانی حلقہ میں کل گیارہ امیدواروں نے اپنے امیدواری عریضے جمع کیے۔ ان میں بھارتیہ یوا جن ایکتا پارٹی کے رویندر بوڑکھے، بہوجن مہا پارٹی کی امیدوار منیشا عرف مندا کھرات اور دیگر آزاد امیدوار شامل ہیں۔ اسطرح اب تک اورنگ آباد حلقۂ انتخاب میں 19 امیدواروں نے 27 کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے ہیں۔

بیڑ لوک سبھا حلقے میں کل پانچ خواہش مندوں نے بطورِ آزاد امیدوار اپنے پرچۂ نامزدگی داخل کیے۔ اب تک اس حلقے میں مہاوکاس اگھاڑی کے بجرنگ سونونے سمیت 15 امیدواروں نے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے ہیں۔ اسی طرح اس حلقے میں گزشتہ روز 14 امیدواروں کی جانب سے 35 امیدواری پرچے حاصل کرنے کی اطلاع ہمارے نمائندے نے دی ہے۔

احمدنگر لوک سبھا حلقے سے راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے امیدوار نیلیش لنکے نے کل اپنا پرچہ نامزدگی داخل کیا۔

***** ***** *****

ناگپور پارلیمانی حلقے سے عظیم اتحاد کے امیدوار نتن گڈکری کی تشہیری ریلی میں اسکولی طلبہ کی شرکت سے متعلق متعلقہ اسکولوں کے ڈائریکٹروں کیخلاف کارروائی کے احکامات دیئے گئے ہیں۔ انتظامِ عامہ محکمے نے اس معاملے میں ناگپور کے محکمۂ تعلیم کے افسران کو آگاہ کیا ہے۔ دریں اثنا اس معاملے میں گڈکری کے خلاف کب کارروائی ہوگی اس طرح کا سوال کانگریس ترجمان اَتل لونڈھے نے کیا ہے۔

***** ***** *****

بارامتی لوک سبھا حلقۂ انتخاب میں ایک آزاد امیدوار کو ''بگل'' انتخابی نشان دینے سے متعلق راشٹروادی کانگریس شرد پوار گروپ نے مرکزی انتخابی کمیشن سے شکایت کی ہے۔ راشٹروادی کانگریس شرد پوار کو انتخابی کمیشن نے بگل بجانے والا آدمی نشان دیا ہے۔ بارامتی لوک سبھا حلقۂ انتخاب میں اس پارٹی کی امیدوار سپریہ سولے بھی اسی نشان پر انتخاب لڑ رہی ہیں۔ اس حلقے میں دوسرے امیدوار کو کمیشن نے بگل انتخابی نشان دینے سے متعلق پارٹی نے ناراضگی ظاہر کی ہے، جبکہ کمیشن نے یہ اعتراض خارج کردیا ہے۔

***** ***** *****

ریاست کے پارلیمانی انتخابی حلقوں کے امیدواروں کی معلومات' انتخابات میں حصہ لینے کے ان کے مقصد اور مقامی سیاست کا جائزہ لینے کیلئے آکاشوانی نے ایک پروگرام ''لوک نرنئے مہاراشٹراچا'' شروع کیا ہے۔ اس پروگرام کی آج کی قسط میں سانگلی لوک سبھا حلقے کا جائزہ پیش کیا جائے گا۔ شام سوا سات بجے یہ پروگرام ممبئی آکاشوانی مرکز سے نشر کیا جائے گا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر، بیڑ، جالنہ اور ہنگولی ضلعوں میں کل غیر موسمی بارش ہوئی۔ اس دوران بجلی گرنے سے چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے میں دو اور ناندیڑ ضلع میں ایک شخص کی موت ہوگئی۔ کنڑ تعلقہ کے موضع رِٹھی میں راؤ صاحب نیل نامی جواں سال مزدور کی موت واقع ہوئی' جبکہ اجنتا میں طوفانی بارش سے بچنے کیلئے درخت کے نیچے ٹھہرے ہوئے کسان پر بجلی گرنے سے اس کی موت ہوگئی۔ اسی طرح ناندیڑ ضلعے کے کنوٹ تعلقہ کے اِرے گاؤں میں ایک شخص بجلی کے سبب ہلاک ہوگیا۔ ضلعے کے کئی علاقوں میں پیر کی شب بھی ژالہ باری کے ساتھ غیر موسمی بارش ہوئی تھی۔

***** ***** *****

ریاست میں مختلف مقامات پر مذہبی یاتراؤں عقیدت مندوں کی بھیڑ کو مدِ نظر رکھتے ہوئے محکمۂ اغذیہ و ادویات نے اشیائے خورد و نوش میں ملاوٹ کی جانچ مہم شروع کی ہے۔ کل اس مہم کے دوران ناسک ضلع میں واقع مشہور شکتی پیٹھ وَنی میں دو ہزار کلو ملاوٹ شدہ مٹھائی ضبط کی گئی۔ اس مٹھائی کی قیمت تقریباً پانچ لاکھ 83 ہزار روپے ہونے کی وضاحت اس سے متعلق خبر میں کی گئی ہے۔ سپت شرنگی قلعے کے روپ وے کامپلیکس علاقے میں واقع دکانوں پر یہ کارروائی کی گئی۔

***** ***** *****

بیڑ پارلیمانی انتخابی حلقے کی انتخابی افسر دیپا مدھوڑ منڈے کا انٹرویو آج صبح گیارہ بجے آکاشوانی بیڑ مرکز سے نشر کیا جائے گا۔ اس انٹرویو میں ضلع انتخابی افسر بیڑ پارلیمانی حلقے میں انتخابات کے سلسلے میں انتظامیہ کی جانب سے کی گئی تیاریوں، رائے دہی فیصد کو بڑھانے کیلئے ضلع انتظامیہ کی مختلف بیداری سرگرمیوں کے بارے میں معلومات دیں گی۔

***** ***** *****

دھاراشیو میں کل بیداریِ رائے دہندگان سائیکل ریلی نکالی گئی اور تصویری نمائش کا اہتمام کیا گیا۔ ضلع کلکٹر سچن اومباسے کے ہاتھوں دونوں ہی پروگراموں کا افتتاح عمل میں آیا۔ اسکولی طلبہ کی سائیکل ریلی نے پورے شہر میں گشت کرتے ہوئے عوام سے رائے دہی کرنے کی اپیل کی۔ ضلع میں رائے دہندگان کو حقِ رائے دہی سے متعلق بیدار کرنے کیلئے ہر اسکول کے طلبہ اپنے سرپرستوں کو جذباتی خط لکھ کر رائے دہی کرنے کی اپیل کر رہے ہیں' اسی طرح انسانی زنجیر بنا کر اور نکڑ ناٹک جیسی سرگرمیوں کے ذریعے حقِ رائے دہی کا پیغام دیا جارہا ہے۔

***** ***** *****

انسپکٹر جنرل آف الیکشنز نرنجن کمار نے غیر جانبدارانہ اور خوف سے پاک ماحول میں پارلیمانی انتخابات کے انعقاد کیلئے سبھی سے تعاون کرنے کی اپیل کی ہے۔ وہ کل لاتور ضلع کلکٹر دفتر میں امیدواروں کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر انتخابی اخراجات شعبہ کے انسپکٹر سنجیب بینر جی نے امیدواروں کو متعلقہ رجسٹر میں اپنے انتخابی اخراجات کا اندراج کرنے کی ہدایت دی۔

***** ***** *****

بزرگ ادیب رشی کیش کامبڑے نے خیال ظاہر کیا ہے کہ انسانی دنیا کتابوں کی معرفت پہچانی گئی ہے۔ کل عالمی یومِ کتاب کے موقع پر چھترپتی سمبھاجی نگر میں مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کے ہال میں وہ خصوصی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ پریشد کے صدر کوتِک راؤ ٹھالے پاٹل نے مراٹھی کتب کی تفصیلی تاریخ بیان کی۔ اس کے بعد پروفیسر مہیش کھرات کی صدارت میں منعقدہ مشاعرہ میں 15 شاعروں نے اپنی اپنی تخلیقات پیش کیں۔

***** ***** *****

جالنہ میں ضلع کلکٹر ڈاکٹر شری کرشن پانچاڑ کی صدارت میں کل قبل از خریف ہنگام کا جائزاتی اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقع پر انہوں نے کسانوں کو بیج، کھاد اور دیگر زرعی اشیاء بروقت اور معقول مقدار میں فراہم کرنے کیلئے منظم منصوبہ بندی کرنے کی ہدایت کی۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ پارلیمانی انتخابات کے دوسرے مرحلے کی تشہیری مہم آج ختم ہوگی؛ 26 اپریل کو رائے دہی۔

☆ مہایوتی اور مہا وِکاس اگھاڑی کے سرکردہ قائدین کی جانب سے تشہیری مہم تیز۔

☆ چوتھے مرحلے کے انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا کل آخری دن؛ جالنہ سے مہایوتی کے امیدوار راؤ صاحب دانوے کا امیدواری پرچہ داخل۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ میں کل بجلی گرنے سے تین افراد کی موت۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****